## محروم عوام کے ساتھ کی جانیوالی ناانصافیوں اور محرومیوں کا خاتمہ اورانہیں انکے تمام جائز حقوق دیناوقت کی اہم ضرورت ہے۔الطاف حسین
## انسانی حقوق کے عالمی دن کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام

لندن۔۔۔10 دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے انسانی حقوق کے عالمی دن کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہاہے کہ محروم عوام کے ساتھ کی جانیوالی ناانصافیوں اور محرومیوں کا خاتمہ اورانہیں ان کے تمام جائز حقوق دیناوقت کی اہم ضرورت ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ انسانی حقوق کا تحفظ احترام انسانیت کے بغیر ممکن نہیں لہٰذاوقت کا تقاضہ ہے کہ انسانوں کے درمیان رنگ ،نسل ،زبان ،جنس ،قومیت ،فقہ،مسلک ،مذہب اورعلاقے سمیت ہرقسم کے امتیاز کا خاتمہ کیا جائے ،شہریوں کے ساتھ یکساں سلوک کیا جائے کسی کے ساتھ بھی کسی بنیاد پر تفریق نہ برتی جائے۔

## حکومت،اداکار حبیب کے واجبات جلد سے جلد ادا کرے،الطاف حسین
## 1996ء میں اداکار حبیب نے فلم بنائی تھی جسے وزارت وومن ڈویلپمنٹ نے ساڑھے تین کروڑ روپے میں خرید لیا تھا
## کئی برس گزر جانے کے باوجود آج تک اداکار حبیب کوان کی طے شدہ رقم ادانہیں کی گئی

لندن۔۔۔10،دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ معروف فلمی اداکار حبیب کوانصاف فراہم کیا جائے اورانکے واجبات ادا کئے جائیں۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ 1996ء میں اداکار حبیب نے پیپلز پارٹی کے دورحکومت میں سندھی اور پنجابی زبان میں ایک فلم ’’بھابھی‘‘ بنائی تھی جسے وزارت وومن ڈویلپمنٹ نے ساڑھے تین کروڑ روپے میں خرید لیا تھااور پیپلز پارٹی کی حکومت نے یہ فلم ریلیز کی تھی لیکن اتنے برس گزر جانے کے باوجود آج تک اداکار حبیب کوان کی طے شدہ رقم ادانہیں کی گئی ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ اداکار حبیب گزشتہ کئی برسوں سے ارباب اقتدار سے انصاف کی فریاد کررہے ہیں اوراپنے جائز حق سے محرومی کے باعث کسمپرسی کی زندگی گزاررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اپنے فن کے ذریعہ ملک اورقوم کی خدمت کرنے والے اداکار حبیب کے ساتھ حکومت کا سرد اور ظالمانہ رویہ انتہائی افسوسناک ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ اداکار حبیب کوانصاف فراہم کیا جائے اوران کے واجبات جلد سے جلد ادا کئے جائیں۔

## جوعناصر بھی دہشت گردی کی کارروائیاں کررہے ہیں وہ ملک اورعوام کے دوست نہیں ہوسکتے۔الطاف حسین
## ہنگو میں ہونیوالے خودکش دھماکے پر ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا اظہار مذمت

لندن۔۔۔10 دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ خیبر پختونخوا کے شہر ہنگو میں ہونیوالے خودکش دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس واقعہ میں متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے واقعات پورے ملک کے عوام کیلئے انتہائی تشویش کا باعث ہیں۔انہوں نے کہا کہ جوعناصر بھی دہشت گردی کی یہ کارروائیاں کررہے ہیں وہ ملک اورعوام کے دوست نہیں ہوسکتے بلکہ وہ اپنی کارروائیوں کے ذریعے ملک کو غیر مستحکم کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔جناب الطاف حسین نے ہنگو دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا کہ دہشت گردی کی روک تھام اورعوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں۔انہوں نے دھماکے میں جاں بحق ہونیوالے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اورزخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی۔

## ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر کے کارکن عدنان الرحیم کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔10، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ B-66 کے کارکن عدنان الرحیم کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے عدنان الرحیم کی دہشت گردی کی واردات میں المناک شہادت پر شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ اور افسوس کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان آپ کے ساتھ ہیں۔ جناب الطاف حسین دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عدنان الرحیم شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق دے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے کارکن عدنان الرحیم کی شہادت شہر کا امن خراب کرنے کی سازش ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔10، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ B-66 کے جواں سال کارکن عدنان الرحیم کو موٹر سائیکل سوار مسلح دہشت گردوں کی جانب سے فائرنگ کرکے شہید کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے شہر کا امن خراب کرنے کی گھناؤنی سازش قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ 31 سالہ عدنان الرحیم آفسرز کالونی ڈالمیا میں معمول کے مطابق اپنی دکان پر بیٹھے تھے کہ موٹر سائیکلوں پر سوار مسلح دہشت گردوں نے دکان میں گھس کر ان پر اندھادھند فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں عدنان الرحیم کو 4 گولیاں لگیں اور وہ موقع پر ہی شہید ہوگئے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ چند ماہ کے دوران ایم کیوایم کے درجنوں ذمہ داران وکارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ کر بے دردی سے شہید کیا جاچکا ہے جبکہ عدنان الرحیم کی شہادت بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کا مقصد شہر کا امن خراب کرنا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ امن دشمن عناصر کو شہر کا امن ایک آنکھ نہیں بھارہا اور وہ مسلسل ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان کو دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہیں جبکہ ارباب اختیار واقتدار کو قتل وغارت گری میں ملوث دہشت گردوں سے متعلق تمام ثبوت وشواہد فراہم کرنے کے باوجود کسی ایک بھی دہشت گردوں کو تاحال گرفتار نہیں کیا جاسکا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم امن پسند جمہوری جماعت ہے جو انصاف وقانون پر یقین رکھتی ہے تاہم ایم کیوایم کی امن پسندی کی پالیسی کو ایم کیوایم کی کمزوری نہ سمجھا جائے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان اور ہمدردحق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ قائد تحریک الطاف حسین کی پالیسی پر عمل پیرا ہوکر صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں،کسی بھی واقعہ پر اشتعال انگیزی کا مظاہرہ نہ کریں اور پرامن رہ کر امن دشمن عناصر کی سازشوں کو ناکام بنادیں۔رابطہ کمیٹی نے عدنان الرحیم شہید کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر کے کارکن عدنان الرحیم کی المناک شہادت کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان کی ٹارگٹ کلنگ میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کرکے کراچی کا امن خراب کرنے کی سازش کو ناکام بنایا جائے۔

## دنیا کے مختلف ملکوں کی طرح برطانیہ میں بھی ایم کیوایم یوکے کے زیراہتمام یوم شہداء منایا گیا

### لندن میں ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں قرآن خوانی کی گئی، اراکین رابطہ کمیٹی، ایم کیوایم یوکے کے ذمہ داروں، کارکنوں، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کی شعبہ خواتین کی ارکان، سیکریٹریٹ کے ارکان کے اہل خانہ اور دیگر کئی افراد کی شرکت

لندن۔۔۔10 دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام دنیا کے مختلف ملکوں کی طرح برطانیہ میں بھی ایم کیوایم یوکے کے زیراہتمام یوم شہداء منایا گیا۔اس سلسلے میں لندن میں ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں قرآن خوانی کی گئی جس میں اراکین رابطہ کمیٹی، ایم کیوایم یوکے کے ذمہ داروں، کارکنوں، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کی شعبہ خواتین کی ارکان، سیکریٹریٹ کے ارکان کے اہل خانہ اور دیگر کئی افراد نے شرکت کی۔ بعدازاں فاتحہ خوانی کی گئی اور ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصر حسین شہید، بھتیجے عارف حسین شہید، شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید اور تحریک کی جدوجہد میں شہید ہونیوالے تمام کارکنوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔حافظ مسرورالحسن نے فاتحہ خوانی کرائی۔اس موقع پر شہیدوں کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کے ساتھ ساتھ ملک کی سلامتی واستحکام،تحریک کی کامیابی اور قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر کیلئے دعا کی گئی۔

## حق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر محمد علی شاہ کی علالت پر الطاف حسین کا اظہار تشویش
## کارکنان وعوام ڈاکٹر محمد علی شاہ کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔الطاف حسین کی اپیل
## ڈاکٹر محمد علی شاہ چندروز سے لندن کے ایک مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں

لندن۔۔۔10 دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر محمد علی شاہ کی علالت پر سخت تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد صحتیابی کی دعا کی ہے۔ ڈاکٹر محمد علی شاہ چندروز سے لندن کے ایک مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں۔جناب الطاف حسین نے تحریک کے تمام کارکنوں اورعوام سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے حضور ڈاکٹر محمد علی شاہ کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔

## ایم کیوایم کے کنویز شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کا چہلم 11، دسمبر ہفتہ کو ملک بھر میں انتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جائے گا
## قرآنی خوانی کا مرکزی اجتماع لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوگا

کراچی۔۔۔10، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 11 دسمبر 2010ء بروز ہفتہ کو ایم کیوایم کے کنویز شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کا چہلم کراچی سمیت ملک بھرا نتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جائے گا۔اس سلسلے میں کراچی سمیت ملک بھر میں ایم کیوایم کنونیر شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے جائیں گے اورشہید کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔اس سلسلے کا مرکزی اجتماع کراچی میں لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں بعد نماز ظہر تا عصر منعقد ہوگا۔ااجتماع میں شہید کے لواحقین ،ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ،حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی ،سینٹرز ،وزراء سمیت ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے کارکنان وذمہ داران کے علاوہ ہمدرد عوام بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔

## ایم کیوایم کے ونگز،شعبہ جات،سیکٹرز اور یونٹس کی جانب سے یوم شہداء کے موقع پر حق پرست شہداء کی یادگار پر
## بہت بڑی تعداد میں پھول چڑھائے گئے

کراچی۔۔۔10، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی سمیت ایم کیوایم کے مختلف ونگز ،شعبہ جات ،سیکٹرز اور یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان کی جانب سے یوم شہداء کے موقع پر جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں حق پرست شہداء کی یادگار پر بہت بڑی تعداد میں پھول چڑھائے گئے اورشہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔یوم شہداء کے اجتماع کے شرکاء سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خطاب کے بعد ذمہ داران وکارکنان نے یادگار شہدائے حق پرست حاضری دی اور پھول چڑھائے اور دیکھتے ہی دیکھتے یادگار شہدائے حق پرست مختلف اقسام کے پھولوں سے مکمل طور پر بھرگئی۔یادگار شہدائے حق پرست پر ذمہ داران وکارکنان اورشہداء کے لواحقین کی حاضری کا سلسلہ رات گئے تک جاری رہا اوراس سلسلے میں شہداء کے لواحقین اورایم کیوایم کے کارکنان وذمہ داران نظم وضبط کے ساتھ قطار میں کھڑے ہوکر اپنی باری کا انتظار کرتے رہے،ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان نے حق پرست شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کیں۔اس موقع پر ذمہ داران ،کارکنان اورشہداء کے لواحقین نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہداء نے حق پرستی کی تحریک ،مشن ،مقصد اورنظریئے کی خاطر لازوال قربانیاں دی ہیں جوتاریخ میں امر ہوچکی ہیں۔انہوں نے کہا کہ شہداء کی عظیم قربانیوں کی بدولت ہی آج ایم کیوایم کا حق پرستانہ پیغام ملک کے چپے چپے میں پھیل رہاہے اورملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام حق پرستانہ جدوجہد کا عملی طور پر حصہ بن رہے ہیں جوملک میں آنے والے ایک نئے انقلاب کی نوید ہے۔ انہوں نے کہا کہ حق پرست شہداء کی قربانیوں کورائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا اورانشاء اللہ ایک دن ضرور ملک میں غریب ومتوسط طبقے کا انقلاب آئے گا اورشہداء کی قربانیاں رنگ لائیں گی۔

## صدرالیکٹرونکس مارکیٹ کی متعدد دکانوں میں چوری سوچی سمجھی سازش ہے،ارکان سندھ اسمبلی
## قانون نافذ کرنے والے ادارے عوام کی جان و مال کے تحفظ میں بری طرح ناکام ہوچکے ہیں
## اس سے قبل ہونے والی چوری کی واردات میں ملوث ملزمان کا تعلق وزیرستان سے نکلا تھا
## شہر کے دکانداروں اور تاجروں کو جان و مال کا تحفظ فراہم کیا جائے ،متاثرہ دکانداروں سے بھاری نقصانات پر اظہار ہمدردی

کراچی۔۔۔10،دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صدرالیکٹرونکس مارکیٹ کی متعدد دکانوں میں چوری کی وارات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور متاثرہ دکاندارو ں سے بھاری نقصانات پر دلی ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ اس سے قبل بھی صدرالیکٹرونکس مارکیٹ میں چوری کی واردات ہوچکی ہے اور اس میں ملوث ملزمان کا تعلق وزیرستان اور قبائلی علاقوں سے نکلا تھا۔انہوں نے کہا کہ وزیرستان اور قبائلی علاقوں سے تعلق رکھنے والے جرائم پیشہ اور سماج دشمن عناصر کی شہر کراچی میں چوری،ڈکیتی،اغواء برائے تاوان کی وارداتوں میں ملوث ہونے کے باوجود ان کے خلاف کسی قسم کی ٹھوس حکمت علمی اور کارروائی عمل میں نہ لانا نہ صرف لمحہ فکریہ ہے بلکہ شہر کراچی کے پرامن عوام کو ان کے رحم وکرم پر چھوڑنے کے مترادف ہے۔انہوں نے کہا کہ صدرالیکٹرونکس مارکیٹ کی متعدد دکانوں میں چوری کی واردات کوئی لمحے بھر کی کارروائی نہیں بلکہ ایک سوچھی سمجھی سازش کے تحت یہ کاروائی کروائی گئی ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ عوام کی جان و مال کے تحفظ کے ذمہ دار قانون نافذ کرنے والے ادارے بری طرح ناکام ہوچکے ہیں۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری،وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی،وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ اور وزیر داخلہ سندھ ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ صدرالیکٹرونکس مارکیٹ کی متعدد دکانوں میں چوری کی واردات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے،شہر کے دکانداروں اور تاجروں کو جان و مال کا تحفظ فراہم کیا جائے اور اس واردات میں ڈاکوؤں اور ان کے سرپرست اعلیٰ کو جلد از جلد گرفتار کرکے قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے۔

## آر جی ایس ٹی اور فلڈ سرچارج ٹیکس کے خلاف قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے کرائے گئے
## ریفرنڈم کا ملک بھر کے عوام کی جانب سے زبردست خیر مقدم

کراچی۔۔۔10،دسمبر2010ء

ملک بھر کے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے آر جی ایس ٹی اور فلڈ سرچارج ٹیکس پر متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے کرائے جانے والے ریفرنڈم کا زبردست خیر مقدم کیا ہے اور اس ریفرنڈم کو ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کی مکمل ترجمانی قرار دیا ہے۔ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد اور ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں آر جی ایس ٹی اور فلڈ سرچارج ٹیکس کے خلاف ریفرنڈم کرانے پر ملک بھر سے بہت بڑی تعداد میں فیکس،ای میل اور ٹیلی فونک پیغامات موصول ہوئے جن میں آر جی ایس ٹی اور فلڈ سرچارج ٹیکس کے خلاف جرات مندانہ اور عوامی مئوقف اختیار کرنے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا اور اس سلسلے میں ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی گئی۔پیغامات بھیجنے والوں میں ڈاکٹرز،انجینئرز،اساتذہ،پروفیسرز،تاجر،صنعتکار،شعراء،صحافی،فنکار،سیاسی وسماجی رہنما ،ایم کیوایم کے کارکنان اور ملک بھر کے عوام کی بہت بڑی تعداد شامل ہے۔اپنے پیغامات میں انہوں نے کہا کہ آر جی ایس ٹی اور فلڈ سرچارج ٹیکس وفاقی کابینہ میں جس دن منظور ہوا تھا اس دن سے صرف ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی آواز اس کے خلاف گونج رہی ہے اور ان کے نڈر،بے باک اور جرات مندانہ مئوقف پر آج دیگر سیاسی و مذہبی جماعتیں بھی عوامی امنگوں اور خواہشات کی ترجمانی کیلئے آر جی ایس ٹی اور فلڈ سرچارج کی بھرپور مخالفت کررہی ہے جو خوش آئند ہے۔ان کا کہنا تھا کہ غریب ومتوسط طبقے کے خلاف ہونے والے ہر اقدام پر جناب الطاف حسین حکومت میں ہونے کے باوجود جس جرات مندی کے ساتھ آواز بلند کرتے ہیں وہ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کیلئے باعث اطمینان ہیں اور انہیں مہنگائی،بیروزگاری اور ملک کی خراب صورتحال میں صرف اور صرف جناب الطاف حسین ہی واحد سہارا دکھائی دے رہے ہیں۔ان کا کہنا تھا موجودہ حکومت، ارباب اختیار واقتدار ایسے عوام دشمن اقدامات سے ہر ممکن گریز کریں اور آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک کی پالیسیوں کے آگے گھٹنے ٹیکنے کے بجائے ملک وقوم کو اپنے پیروں پر کھڑا کرنے کی عملی جدوجہد کا آغاز کریں اس پر پوری قوم ان کے ساتھ ہوگی۔انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کو عوامی خواہشات کے منافی فیصلے کرنے کے بجائے دوسرے راستے اور طریقے اختیار کرنے چاہئے کیونکہ بار بار غریب عوام پر بوجھ ڈالنے کا عمل محرومیوں کو جنم دینے کا سبب بن رہا ہے اور یہ حالات ملک میں ایک ایسے انقلاب کو جنم دے رہے ہیں جس کی جانب قائد تحریک جناب الطاف حسین اشارہ کررہے ہیں۔اپنے پیغامات میں انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر،صحت وتندرستی اور ناگہانی آفات سے بچاؤ کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## ایم کیوایم کی کوششوں سے تمام مسالک کے لوگوں کے درمیان فرقہ وارانہ ہم آہنگی پائی جاتی ہے، حاجی حنیف طیب، علامہ فرقان حیدر عابدی
## محرم الحرام میں قیام امن کیلئے رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری، رضا ہارون، حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب
## اورارکان اسمبلی کی علمائے کرام سے ملاقاتیں

کراچی۔۔۔10، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری، رضا ہارون اور حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب نے محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ اور قیام امن کیلئے گزشتہ روز معروف عالم دین حاجی حنیف طیب اور ممتاز عالم دین علامہ فرقان حیدر عابدی سے ملاقاتیں کیں اور انہیں محرم الحرام کے دوران فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے ایم کیوایم کی عملی کاوشوں سے آگاہ کیا۔اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین، حق پرست رکن سندھ اسمبلی امام الدین شہزاد، ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد اور اراکین بھی موجود تھے۔ملاقات میں حاجی حنیف طیب اور علامہ فرقان حیدر عابدی نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین تمام مسالک اور فقہوں کا احترام کرتے ہیں بلکہ عملی طور پر اتحاد بین المسلمین کیلئے کوشاں ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی کوششوں کے باعث صوبہ سندھ سے فرقہ واریت کا خاتمہ ہو چکا ہے اور تمام مسالک کے لوگوں کے درمیان مکمل طور پر فرقہ وارانہ ہم آہنگی پائی جاتی ہے اور اس ہم آہنگی اور بھائی چارے کی فضا کو سبوتاژ کرنے والے اتحاد بین المسلمین کے کھلے دشمن ہیں ۔انہوں نے تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام سے اپیل کی کہ وہ اپنے خطبات میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی، مذہبی رواداری، بھائی چارے کے فروغ کا پیغام دیں اور ایسی باتوں سے گریز کریں جن سے کسی دوسرے فقہہ یا مسلک کے ماننے والی کی دل آزاری ہو۔ملاقات میں علمائے کرام نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے اتحاد بین المسلمین کیلئے عملی کردار ادا کرنے پر انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا اور ان کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا بھی کی۔

☆☆☆☆☆